DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | سی پیک کی تکمیل سے خطے میں معاشی سرگرمیوں کا انقلاب آئے گا، گورنر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | جنگ میں شکست کے بعد دشمن نے بچوں کو نشانہ بنایا، فیصل کنڈی گورنر خیبر پختونخو | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | غیر قانونی ٹرانگ کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، وزیر اعلیٰ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | ہرنائی کوئٹہ ہرنائی سنجاوی روڈ کی تعمیر کا منصوبہ PSDP میں شامل، نور محمد دمڑ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | انسداد پولیو اور وٹامن اے کے قطرے پلانے کی سات روزہ مہم کا آغاز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | کوئٹہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتا تیز کی جائے، سلیم کھوسہ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | صوبائی وزیر خزانہ کی زیر صدارت مالی سال کی بجٹ کی تیاریوں کے حوالے سے اجلاس | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | پنجگور میں سیکورٹی کلیئرنس تک انٹرنیٹ بندرہے گا، وزارت داخلہ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان بھر میں سات روزہ انسداد پولیو مہم آج شروع ہوگی، ایمرجنسی آپریشن سنٹر | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | جام کمال کی قیادت میں عوام کی خدمت کر رہے ہیں، زرین مگسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | بلوچستان اسمبلی خضدار بس حملے کیخلاف قرارداد مذمت منظور | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | عدالتی فیصلے کے بعد گیس بلنگ کا مسئلہ حل کر دیا جائے گا، قائمہ کمیٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | لاہور قلندرز نے کوئٹہ کو ہرا کر پی ایس ایل کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | سیاسی جماعتیں نوجوانوں کو مایوسی سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | بلوچستان کے نوجوانوں پر روزگار کے دروازے بند کئے جا رہیں، مولانا ہدایت الرحمان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بلوچستان میں بھرپور آپریشن کی ضرورت ہے، انوار الحق کاکڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | سیاسی عدم استحکام کے باعث ملکی بحرانوں میں اضافہ ہو رہا ہے، پشتونخوامیپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | خضدار میں اسکول بس پر حملہ افسوسناک اور سفاکانہ عمل ہے، کریم نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

بارکھان سی ٹی ڈی ٹارگٹڈ آپریشن میں کالعدم تنظیم کے تین دہشتگرد ہلاک، ایرانی سرحدی علاقے سے دو افراد کی نعشیں برآمد، حب سٹی پولیس کی کارروائیاں ملزمان گرفتار منشیات اسلحہ وموٹر سائیکلیں برآمد، بوستان میں مسافر اغوا اسسٹنٹ کمشنر نے لین دین کا تنازعہ قرار دیدیا، سدا بہار کمپنی کا کسی سے لین دین کا کوئی تنازعہ نہیں، ترجمان، ساکران پولیس کی کارروائی اشتہار ملزم گرفتار مزید تفتیش جاری،

## عوامی مسائل:

نوکچی سے نوشکی تا لکپاس شاہراہ کی تعمیر میں تاخیر، حادثات اور دیگر مشکلات کا سامنا، کوئٹہ میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پانی کا بحران سر اٹھانے لگا، جناح روڈ کوئٹہ پر دکانداروں کا راج فٹ پاتھ پر بھی قبضہ ریڑھیاں لگا کر آمدورفت بند کر دیا

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 27.05.2025

**اداریہ:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **دہشت گردی کے واقعات** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ بازار میں اتوار کے روز نصب کئے گئے بم دھماکے میں چار افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہوگئے لیویز ذرائع کے مطابق واقعہ میں متعدد دکانیں گر گئیں اور کئی ایک کو آگ لگ گئی دھماکے کے بعد مسلح افراد اور ایف سی اہلکاروں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا علاقے میں ہیلتھ سہولیات کی کمی کے باعث زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنا پڑا۔ اسی روز ضلع پنجگور میں ہونے والے فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات میں دہشت گردوں کے ہاتھوں تین افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ہے فائرنگ کے ضمن میں اس سے قبل بھی صوبے میں مختلف واقعات دیکھے جا چکے ہیں جبکہ موجودہ صورتحال مزید باعث تشویش دکھائی دیتی ہے کیونکہ دو روز قبل قلات کے علاقے تکل کئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہوئے۔ کچھ عرصے سے صوبے کی سرحدی علاقوں میں ہونے والی دہشت گردی میں بھی ایسے ہی شواہد دیکھنے کو ملے ہیں، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے خدشات کی روشنی میں بھارت آنیوالے دنوں میں ملک کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کرواسکتا ہے جس میں دشمن بم دھماکوں، خودکش حملوں اور فائرنگ کو ہتھیار بنا سکتا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ " **کوئٹہ میں سیوریج کے گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت، مختلف بیماریوں کے پھیلائو کا سبب بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈائون** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ " **گندے پانی سے زیر کاشت سبزیاں تلف !** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ایکسپریس کوئٹہ "Blood on the Pen" عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ " **تعلیمی ترقی کا راز تخلیقی سوچ اور تنقیدی فکر** " کے عنوان سے برکت اسماعیل کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1     Dated: 27 MAY 2025     Page No. 1


## سی پیک کی تکمیل سے خطے میں معاشی سرگرمیوں کا انقلاب آئیگا، گورنر مندوخیل

**حکومت مغربی روٹ اور سرمایہ کاروں کو مکمل تحفظ فراہم کریگی، چینی نائب وزیر خارجہ و دیگر سے ملاقاتیں**

بیجنگ (ے ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ خطے میں تیزی سے رونما ہونے والی معاشی اور سیاسی تبدیلیوں کے پیش نظر اپنی ترجیحات کا تعین کرنے اور ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ہمیں اپنے معاشی نظام بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں سی پیک جیسے شاندار عظیم منصوبہ کا ایک اہم لنک بلوچستان ہی ہے، مذکورہ میگا پراجیکٹ کی تکمیل سے پاکستان میں بالعموم اور بلوچستان میں بالخصوص لاکھوں لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر ہونگے اور پورے خطہ میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کا ایک نیا انقلاب ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے دارالحکومت بیجنگ میں ڈپٹی وزیر خارجہ سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ بعدازاں گورنر نے بیجنگ میں مختلف چینی کیمونسٹ پارٹی کے رہنماؤں اور سرکاری حکام کے ساتھ علیحدہ علیحدہ ملاقات کی، جن میں کیمونسٹ پارٹی مرکزی کمیٹی انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے وائس منسٹر (Sun Haiyan) چائنیز پیپلز انسٹیٹیوٹ آف فارین آفیئرز، ایمبسڈر اور وائس پریذیڈنٹ آف سی پی آئی ایف اے (Zhou Pingjiam) اور منسٹر آف ایم ایف اے (Mr. Lui Bin) شامل ہیں۔

## وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رشتہ قومی ترقی کی بنیاد ہے، عبدالخالق اچکزئی

**سب کو ساتھ لے جانے کا جذبہ اپنا کر ہم مساوی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنا سکتے ہیں، گورنر کے پی کے سے گفتگو**

کوئٹہ (ے ن) قائمقام گورنر بلوچستان کیپٹن ر عبدالخالق اچکزئی نے کہا کہ وفاق اور صوبوں کے درمیان مضبوط رشتہ دیرپا قومی ترقی کی بنیاد ہے اور ہم باہمی تعاون و اعتماد کے ذریعے متوازن تعمیر و ترقی کی نئی راہیں متعین کر سکتے ہیں اور سب کو ساتھ لے جانے کا جذبہ اپنا کر ہم مساوی ترقی اور خوشحالی کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اس وقت ہم من حیث القوم کئی چیلنجوں سے نبرد آزما ہیں لیکن اسکے باوجود اجتماعی دانش اور مشترکہ کوششیں ہمیں روشن اور محفوظ مستقبل کی جانب رہنمائی کر سکتی ہیں۔ یہ بات انہوں نے خیبرپختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی کے ساتھ ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کی۔


MASHRIQ QUETTA


## چینی منصوبوں کی تکمیل سے بلوچستان میں روزگار میسر آئیگا، جعفر مندوخیل

**ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ہمیں اپنا معاشی نظام بہتر بنانا ہوگا، گورنر بلوچستان**

**سی پیک مغربی روٹ اقتصادی خوشحالی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور صنعت کاری کے نئے مواقع کھولے گا، گفتگو**

بیجنگ (بیورو رپورٹ، ے ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے چائنا کے دارالحکومت بیجنگ میں اپنے سرکاری دورے کے موقع پر کہا کہ خطے میں تیزی سے رونما ہونے والی معاشی اور سیاسی تبدیلیوں کے پیش نظر ہمیں اپنی ترجیحات کا تعین کرنے اور ہمسایہ ممالک کی تجارتی منڈیوں تک رسائی حاصل کرنے کیلئے ہمیں اپنے معاشی نظام بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ اس سلسلے میں چائنا پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) جیسے شاندار عظیم منصوبہ کا ایک اہم لنک بلوچستان ہی ہے مذکورہ میگا پراجیکٹ کی تکمیل سے پاکستان میں بالعموم اور ......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر


بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر


بلوچستان میں بالخصوص لاکھوں لوگوں کو روزگار کے مواقع میسر ہونگے اور پورے خطہ میں معاشی اور تجارتی سرگرمیوں کا ایک نیا انقلاب ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چین کے دارالحکومت بیجنگ میں ڈپٹی فارن منسٹر سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ بعدازاں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بیجنگ میں مختلف چینی کیمونسٹ پارٹی کے رہنماؤں اور سرکاری حکام کے ساتھ علیحدہ علیحدہ ملاقات کی۔ جن میں کیمونسٹ پارٹی مرکزی کمیٹی انٹرنیشنل ڈیپارٹمنٹ کے وائس منسٹر (Sun Haiyan) چائنیز پیپلز انسٹیٹیوٹ آف فارین آفیئرز، ایمبسڈر اور وائس پریذیڈنٹ آف سی پی آئی ایف اے (Zhou Pingjiam) اور منسٹر آف ایم ایف اے (Mr. Lui Bin) شامل ہیں۔ واضح رہے کہ ملاقات کے دوران سابق وزیراعلیٰ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزراء صادق عمرانی، میر عاصم کرد گیلو، عوامی نیشنل پارٹی کے داود خان اچکزئی اور چنگیز خان مری اور ایاز یزید خان کاسی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ سی پیک مغربی روٹ اقتصادی خوشحالی، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور صنعت کاری کے نئے مواقع کھولے گا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. ۱

Dated: 27 MAY 2025 Page No. 2

## جنگ میں شکست کے بعد دشمن نے بچوں کو نشانہ بنایا، فیصل کنڈی

**سانحہ خضدار افسوسناک واقعہ، جنگوں میں بھی خواتین، بچوں و عبادت گاہوں پر حملے نہیں ہوتے، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ میدان جنگ میں شکست کے بعد ہمارا دشمن بچوں کو نشانہ بنا رہا ہے، پاکستان کو [illegible] غیر مستحکم کرنے کی کوشش کرنے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، پاکستان ایئرفورس نے دشمن کی طاقت کا گھمنڈ خاک میں ملا دیا، ہمیں دشمن کا مقابلہ کرنا ہے، سیاست بعد میں بھی کر سکتے ہیں، پہلے دشمن کا مقابلہ کرنا ہے، افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال ہو رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو بلوچستان اسمبلی میں میڈیا سے بات چیت میں کہی۔ اس موقع پر قائم مقام گورنر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی، میر چنگیز جمالی و دیگر موجود تھے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ کوئٹہ آنے کا مقصد سانحہ خضدار میں زخمی ہونے والے بچوں کی عیادت کرنا تھی، یہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے اس سے قبل ایک افسوس ناک سانحہ اے پی ایس پشاور رونما ہوا تھا یہ بزدلانہ اقدام ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Bullet No. 1
Page No. 3
THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 منگل 29 ذیقعد 1446ھ 27 مئی 2025ء نمبر 145

# غیر قانونی ٹرالنگ کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

## اسکولوں کیلئے کلسٹر بجٹ اچھا اقدام تھا مگر اس میں کرپشن ہوئی، توجہ دلاؤ نوٹسز پر اظہار خیال

**پچھلے سال پی ایس ڈی پی میں 70 ارب، اس سال اب تک 178 ارب روپے استعمال ہو چکے ہیں، ظہور بلیدی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ غیر قانونی ٹرالنگ کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، محکمہ کو آخری وارننگ ہے کسی بھی صورت غیر قانونی ٹرالنگ کی اجازت نہیں دی جائے گی، اسکولوں کے کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی شکایات ملی ہیں، کلسٹر بجٹ اچھا اقدام تھا مگر اس میں کرپشن ہوئی، وزیر تعلیم اس سلسلے میں کام کر رہی ہیں۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں توجہ دلاؤ نوٹسز پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر تعلیم کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بجٹ سال 2024-25 میں ضلع واشک میں کالجوں کے قیام سے متعلق بیسمہ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے لئے مختص شدہ بجٹ جاری کرنے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں اگر بجٹ جاری نہیں کیا گیا ہے تو ضلع واشک کے کالجوں کے قیام کے لئے بجٹ جاری نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ ہمارے بہت سے کالجز اور اسکولز کچھ فنڈز کی وجہ نامکمل ہیں اگر وزیراعلیٰ ان عمارتوں کے لئے فنڈز جاری کر دیں تو مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ پچھلے سال پی ایس ڈی پی میں 70 ارب خرچ ہوئے تھے، اس سال اب تک 178 ارب روپے استعمال ہو چکے ہیں۔ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ کلسٹر کی مد میں رقم وہاں خرچ کی گئی جہاں ضرورت نہیں تھی، واشک میں ایک بھی کالج فعال نہیں۔ صوبائی وزیر پی ایچ ای سردار سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں کلسٹر بجٹ صرف کرپشن کیلئے ہے، صرف میرے ضلع میں نہیں باقی اضلاع میں بھی کرپشن ہو رہی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں اسکولوں کے کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی شکایات ملی ہیں، کلسٹر بجٹ اچھا اقدام تھا مگر اس میں کرپشن ہوئی، وزیر تعلیم اس سلسلے میں کام کر رہی ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ ہم محکمہ تعلیم میں بہتری لا رہے ہیں، ایم پی ایز اس سلسلے میں محکمہ تعلیم کی مدد کریں۔ بعد ازاں ڈپٹی اسپیکر نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ فشریز کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ٹرالر مافیا پھر سے ساحل بلوچستان کو تاراج کر رہا ہے، ٹرالرز کی باقاعدہ ٹیرنگ شروع کی گئی ہے جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں سمندری حیات کی نسل کشی کی جا رہی ہے، حکومت نے ٹرالر مافیا کے خلاف اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں، اس کی تفصیل فراہم کی جائے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ یہ ایوان اس بات پر متفق ہے کہ غریب ماہی گیروں کے ساتھ ظلم کیا جا رہا ہے ہم نے اس مسئلے کو ہر پلیٹ فارم پر اجاگر کیا ہے۔

# فتنہ ہندوستان نے معصوم بچوں کو نشانہ بنایا
# دہشتگردوں کے عزائم کامیاب نہیں ہونے دینگے، سرفراز بگٹی

گورنر کے پی کے ہمراہ سی ایم ایچ کا دورہ، شہداء کے لواحقین کیلئے دس، زخمیوں کیلئے پانچ لاکھ فی کس امداد کا اعلان، ملک اندرونی و بیرونی دہشتگردی کا شکار ہے، فیصل کنڈی

**صوبائی حکومت بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرے گی، بزنس کمیونٹی سے وزیراعلیٰ کی بات چیت**

کوئٹہ (خ ن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ دورے پر پیر کو کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر بزدلی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند اور محب وطن ہیں اور دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ان کی قربانیوں پر ہمیں فخر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ معصوم بچوں کو نشانہ بنانے والے دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، اور بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا دوسری جانب گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ملک اس وقت اندرونی و بیرونی دہشت گردی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے ہمیشہ بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور یہی جرات ہماری بہادر فورسز اندرونی تخریب کاروں کے خلاف بھی دکھا رہی ہیں۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیراعلیٰ نے بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرے گی اور بزنس کمیونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور گورنر خیبر پختونخوا سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبائی اسمبلی کے اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | منگل 29 ذیقعد 1446ھ 27 مئی 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 329

رجسٹرڈ BC-m-11 | Email: mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی سانحہ خضدار کی ایک زخمی طالبہ کی عیادت کررہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی خضدار میں زخمی ہونے والی طالبہ کی عیادت کے موقع پر اظہار شفقت کررہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سینچری

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 164 | منگل، 29 ذیقعد، 27 مئی 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے

# غیر قانونی ٹرالنگ کے خاتمے پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، وزیر اعلیٰ

## سیکرٹری فشریز ٹرالر مافیا کے خلاف فوری طور پر ایکشن لیں، جو بھی افسر ملوث پایا گیا وہ خود کو معطل سمجھے

## سکولوں کے کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی شکایات ملی ہیں، وزیر تعلیم اس حوالے سے کام کر رہی ہیں، اسمبلی میں اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ غیر قانونی ٹرالنگ کے خاتمے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، محکمہ کو آخری وارننگ ہے کسی بھی صورت غیر قانونی ٹرالنگ کی اجازت نہیں دی جائے گی، اسکولوں کے کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی شکایات (باقی صفحہ 5 نمبر 29)

ملی ہیں، کلسٹر بجٹ اچھا اقدام تھا مگر اس میں کرپشن ہوئی، وزیر تعلیم اس سلسلے میں کام کر رہی ہیں۔ یہ بات انہوں نے بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں توجہ دلاؤ نوٹس پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت کے رکن میر زابد علی ریکی نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر تعلیم کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بجٹ سال 2024-25 میں ضلع واشک میں کالجوں کے قیام سے متعلق بسیمہ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے لئے مختص شدہ بجٹ جاری کرنے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں اگر بجٹ جاری نہیں کیا گیا تو ضلع واشک کے کالجوں کے قیام کے لئے بجٹ جاری نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ ہمارے بہت سے کالجز اور اسکولز کچھ کچھ فنڈز کی وجہ نامکمل ہیں اگر وزیر اعلیٰ ان عمارتوں کے لئے فنڈز جاری کردیں تو مسئلہ حل ہوسکتا ہے۔ صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا کہ پچھلے سال پی ایس ڈی پی میں 70 ارب خرچ ہوئے تھے اس سال اب تک 178 ارب روپے استعمال ہوچکے ہیں۔ قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ کلسٹر کی مد میں رقم وہاں خرچ کی گئی جہاں ضرورت نہیں تھی، واشک میں ایک بھی کالج فعال نہیں۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں کلسٹر بجٹ صرف کرپشن کیلئے ہے۔ صرف میرے ضلع میں نہیں باقی اضلاع میں بھی کرپشن ہورہی ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں اسکولوں کے کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی شکایات ملی ہیں، کلسٹر بجٹ اچھا اقدام تھا مگر اس میں کرپشن ہوئی، وزیر تعلیم اس سلسلے میں کام کر رہی ہیں۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ ہم محکمہ تعلیم میں بہتری لارہے ہیں، ایم پی ایز اس سلسلے میں محکمہ تعلیم کی مدد کریں۔ بعد ازاں ڈپٹی اسپیکر نے توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا۔ اجلاس میں جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ فشریز کی توجہ مبذول کراتے ہوئے کہا کہ ٹرالر مافیا پھر سے ساحل بلوچستان کو تاراج کر رہا ہے ٹرالرز کی باقاعدہ نمبرنگ شروع کی گئی ہے، جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں سمندری حیات کی نسل کشی کی جارہی ہے، حکومت نے ٹرالر مافیا کے خلاف اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔

# سرمایہ کاروں کو سازگار ماحول فراہم کرینگے، سرفراز بگٹی

## کان کنی، آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود

## ہم نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی

کوئٹہ (این این) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

کامرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیر اعلیٰ نے بزنس کیمونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرے گی اور بزنس کیمونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، شمسی توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت نے نوجوانوں کے لیے سکل ڈیولپمنٹ پروگرام کا آغاز کیا ہے جس کا مقصد انہیں ہنرمند بنا کر انہیں روزگار کی فراہمی میں آسانی میسر کرنی ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے بھرپور انداز سے کاوشیں جاری ہیں اور صوبائی حکومت کی روز اول سے یہ ترجیح رہی ہے کہ تمام سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کے لیے مناسب اور سازگار ماحول فراہم کیا جائے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور گورنر کے پی کے سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کی ایک زخمی طالبہ کی بنائی ہوئی ڈرائنگ دیکھتے ہوئے اس کی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کے اعزاز میں دیے گئے ظہرانہ میں صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی شریک ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6



THE DAILY INTEKHAB (Quetta)

روزنامہ انتخاب کوئٹہ

رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4

www.dailyintekhab.PK

intekhabnews@gmail.com

Quetta Ph:081-2822909

قیمت 30 روپے ★ صفحات

جلد نمبر 32 بروز منگل 27 مئی 2025ء بمطابق 29 ذیقعد 1446ھ شمارہ نمبر 145


# وزیراعلیٰ کی ٹرالر مافیا کیخلاف سخت ایکشن کی ہدایت

ٹرالر مافیا پھر ساحل بلوچستان کو تاراج کر رہا ہے اور ٹرالرز کی باقاعدہ نیٹ گنگ شروع کی گئی ہے، بڑی تعداد میں سمندری حیات کی نسل کشی کی جا رہی ہے، ارکان

**سیکرٹری فشریز فوری طور پر گوادر جا کر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں ہم نے محکمہ فشریز کو لیویز اہلکار دیئے ہیں انہیں فائرنگ کا اختیار بھی دیا ہے، میر سرفراز بگٹی**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں دو توجہ دلاؤ نوٹسز نمٹا دیئے گئے۔ پیر کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ تعلیم کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کرواتے ہوئے کہا کہ حکومت بلوچستان نے بجٹ سال 2024-25 میں ضلع واشک میں کالجوں کے قیام سے متعلق بسیمہ کالج، واشک کالج اور ماشکیل کالج کے لئے مختص شدہ بجٹ بقیہ نمبر 50 صفحہ 5 پر

جاری کرنے کی بابت اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ اگر بجٹ جاری نہیں کیا گیا ہے تو ضلع واشک کے کالجوں کے قیام کے لئے بجٹ جاری نہ ہونے کی کیا وجوہات ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے۔ جس پر صوبائی وزیر تعلیم نے جواب دیتے

ہوئے کہا ہمارے بہت سے کالجز اور اسکولز کچھ فنڈز کی وجہ نامکمل ہیں اگر وزیر اعلیٰ ان عمارتوں کے فنڈز جاری کردیں تو مسئلہ حل ہوسکتا ہے۔ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا کہ پچھلے سال پی ایس ڈی پی میں 70 ارب خرچ ہوئے تھے اس سال اب 178 ارب روپے خرچ ہو چکے ہیں۔ صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ محکمہ تعلیم میں کلسٹر بجٹ صرف کرپشن کیلئے دیا گیا ہے بارکھان میں میرے بیٹے نے اسکول کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی ہے صرف میرے ضلع میں نہیں باقی اضلاع میں بھی کرپشن ہورہی ہے۔ جس پر وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جواب دیا کہ ہمیں اسکولوں کے کلسٹر بجٹ میں کرپشن کی شکایات ملی ہیں کلسٹر بجٹ اچھا قدم تھا مگر اس میں کرپشن ہوئی وزیر تعلیم اس سلسلے میں کام کررہی ہیں۔ بعدازاں توجہ دلاؤ نوٹس کو نمٹا دیا گیا۔ اجلاس میں مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کرتے ہوئے وزیر برائے محکمہ فشریز کی توجہ ایک اہم مسئلہ کی جانب مبذول کرواتے ہوئے کہا کہ ٹرالر مافیا پھر ساحل بلوچستان کو تاراج کررہا ہے اور ٹرالرز کی باقاعدہ نیٹ گنگ شروع کی گئی ہے۔ جس کی وجہ سے بڑی تعداد میں سمندری حیات کی نسل کشی کی جارہی ہے۔ لہٰذا حکومت نے ان ٹرالرز مافیا کے خلاف اب تک کیا اقدامات اٹھائے ہیں۔ تفصیل فراہم کی جائے توجہ دلاؤ نوٹس پر وزیراعلیٰ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ سیکرٹری فشریز فوری طور پر گوادر جاکر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں ہم نے محکمہ فشریز کو لیویز اہلکار دیئے ہیں انہیں فائرنگ اختیار بھی دیا ہے ہم کسی کو اجازت نہیں دیں گے کہ وہ ہمارے سمندر میں ٹرالنگ کریں اگر ہمارا کوئی افسر غیر قانونی ٹرالنگ میں ملوث پایا گیا تو کارروائی ہوگی۔ وزیراعلیٰ کے جواب کے بعد توجہ دلاؤ نوٹس نمٹا دیا گیا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

روزنامہ میزان کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | منگل 27 مئی 2025ء، 29 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 262

# غیر قانونی ٹرالرنگ کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے، میر سرفراز بگٹی

**ٹرالر مافیا کے خلاف مولانا ہدایت الرحمٰن کے ساتھ ہوں سیکرٹری فشریز فوری طور پر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں، وزیر اعلیٰ بلوچستان**

**محکمہ فشریز وزیر اعلیٰ کے احکامات کو ماننے کو تیار نہیں ہوں محکمہ کے لوگ کراچی میں بیٹھ کر رشوت وصول کرتا ہے، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ**

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت ہوا ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ٹرالر مافیا کے خلاف مولانا ہدایت الرحمٰن کے ساتھ ہوں سیکرٹری فشریز فوری طور پر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں اس معاملے پر کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی محکمہ کا کوئی افسر بھی ملوث ہوا تو اسکو معطل کر دیں گے غیر قانونی ٹرالرنگ کی کسی کو اجازت (بقیہ 3 صفحہ 2 پر)

نہیں دیں گے۔ رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ محکمہ فشریز وزیر اعلیٰ کے احکامات کو ماننے کو تیار نہیں ہوں محکمہ کے لوگ کراچی میں بیٹھ کر رشوت وصول کرتا ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی پرنس آغا عمر احمد زئی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کیا سریاب کے عوام بلوچستانی نہیں ہیں؟ کیونکہ بجلی سے محروم کیا ہے سریاب کو فی الفور بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ رکن اسمبلی میر علی مدد جتک نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سریاب کے عوام بجلی سے محروم ہیں محکمہ کیسکو سفید ہاتھی بن چکا ہے غریب شخص 50 ہزار کے بجلی کا بل ادا کر سکتا ہے چیف کیسکو اور سوئی سدرن گیس حکام کو طلب کیا جائے۔

# وزیر اعلیٰ بلوچستان سے گورنر خیبر پختونخوا کی ملاقات

**باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل (بقیہ 13 صفحہ 2 پر)

کریم کنڈی نے یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اراکین اسمبلی علی مدد جتک، میر زابد علی ریکی سینیٹر شاہ زیب درانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز خان جمالی بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق منعقدہ تقریب کے موقع پر بزنس کمیونٹی سے خطاب کر رہے ہیں۔



کوئٹہ: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سی ایم ایچ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں۔

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر۔24 | منگل 27 مئی 2025ء بمطابق 29 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر۔144


# شہید بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائیگا دہشتگردوں کو انجام تک پہنچائیں گے، سرفراز بگٹی

**گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ دورے پر پیر کو کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی**

**وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے لواحقین کے لیے دس دس لاکھ روپے اور زخمیوں کے لیے پانچ پانچ لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا**

**ہمارا ملک اس وقت اندرونی اور بیرونی دہشت گردی کا شکار ہے، ہماری افواج نے ہمیشہ بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور یہی جرات ہماری بہادر فورسز اندرونی تخریب کاروں کے خلاف بھی دکھائیں گی، فیصل کریم کنڈی**

کوئٹہ (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ دورے پر پیر کو کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہداء کے لواحقین کے لیے دس دس لاکھ روپے اور زخمیوں کے لیے پانچ پانچ لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ فتنہ ہندوستان کے دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی کا ثبوت دیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر2 پر)

اور محب وطن ہیں، اور وہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے معصوم شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ان کی عظیم قربانیوں پر ہمیں فخر ہے۔انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ کسی بھی دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، اور شہید بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا دوسری جانب، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ملک اس وقت اندرونی اور بیرونی دہشت گردی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے ہمیشہ بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور یہی جرات ہماری بہادر فورسز اندرونی تخریب کاروں کے خلاف بھی دکھائیں گی۔

## وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات


**باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے یہاں وزیر اعلیٰ سیکریٹریٹ میں ملاقات کی اراکین اسمبلی ملک نعیم بازئی، علی مدد جتک، میر زابد علی ریکی سینیٹر شاہ زیب درانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز خان جمالی بھی اس موقع (بقیہ نمبر47 صفحہ نمبر7 پر)

پر موجود تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کررہے ہیں



وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1 | Page No. 8

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

| شمارہ 100 | MEMBER OF APNS / رجسٹرڈ بی سی بی-10 | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 | Ph :2839851 | جلد 28 |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1446ھ | 29 ذیقعد | منگل 27 مئی 2025ء |

# شہید بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائیگا

سرفراز بگٹی

سانحہ خضدار کے متاثرین کیلئے امداد کا اعلان

وزیراعلیٰ سے گورنر کے پی کی ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور سمیت امن وامان کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال


مقدس خون کے قرضدار، مٹھی بھر دہشتگردوں اور سہولت کاروں کو انجام تک پہنچائیں گے، گورنر کے پی کے ہمراہ سی ایم ایچ کا دورہ، زخمیوں کی عیادت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اراکین اسمبلی علی مدد جتک، میر زاہد علی ریکی سینیٹر شاہ زیب درانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز خان جمالی بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ دورے پر پیر کے روز کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر شہداء کے لواحقین کے لیے دس دس لاکھ روپے اور زخمیوں کے لیے پانچ پانچ لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ فتنہ ہندوستان کے دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند اور محب وطن ہیں، اور وہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے معصوم شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ان کی عظیم قربانیوں پر ہمیں فخر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ مٹھی بھر دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا، اور شہید بچوں کے خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا دوسری جانب، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہداء کے خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا ملک اس وقت اندرونی اور بیرونی دہشت گردی کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے ہمیشہ بیرونی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور یہی جراءت ہماری بہادر فورسز اندرونی تخریب کاروں کے خلاف بھی دکھائیں گی



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کی زخمی طالب کے ساتھ اظہار شفقت کرتے ہوئے اسکے ہاتھ کو بوسہ دے رہے ہیں، گورنر کے پی فیصل کریم کنڈی بھی موجود ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 10

Daily Qudrat Quetta

قدرت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر نعمت اللہ

صفحات 8 قیمت 15 روپے

جلد 21 | منگل 27 مئی 2025ء، 29 ذی القعد 1446ھ | شمارہ 48

# حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے

**صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ کے حوالے سے ان کے کاوشوں کی خصوصی طور پر تعریف کی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور یونائیٹڈ بزنس گروپ کے عہدے داروں نے یہاں ملاقات کی گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی صوبائی وزراء اور پارلیمنٹیرینز سمیت بلوچستان چیمبر آف کا بقیہ 3 صفحہ 6 پر

مرس اینڈ انڈسٹری کے عہدے داران بھی اس موقع پر موجود تھے اس موقع پر سانحہ خضدار کے شہداء کی روح کے ایصال ثواب کے لئے دعا بھی کی گئی وزیر اعلیٰ نے بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے ان کے بلوچستان آمد پر انہیں خوش آمدید کہا انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرمایہ کاروں کو بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول فراہم کرے گی اور بزنس کمیونٹی کی صوبے میں سرمایہ کاری کے فروغ سے متعلق ان کی بہترین تجاویز کا خیر مقدم بھی کرے گی انہوں نے کہا کہ صوبے میں اکنامک زونز کی ڈیولپمنٹ میں ایف پی سی سی آئی اور یو بی جی کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں صوبے میں کان کنی، قابل تجدید توانائی اور آئل اینڈ گیس سمیت کئی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع موجود ہے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ صوبائی حکومت نے ہمیشہ قانونی تجارت کی حوصلہ افزائی اور سمگلنگ کی حوصلہ شکنی کی ہے تاکہ قانونی تجارت کو فروغ دیا جا سکے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی کوشش ہے کہ سرمایہ کار صوبے میں صنعتیں قائم کریں یہاں صنعتوں کے قیام سے صوبے میں روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

# محکمہ تعلیم میں اصلاحات کیلئے کوششیں کر رہے ہیں، وزیر اعلیٰ بگٹی

حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ پرانی اسکیموں کو زیادہ سے زیادہ مکمل کرے تاکہ عوام کو فائدہ حاصل ہوں، امسال 178 ارب روپے خرچ کئے گئے ہیں

**تعلیم کے حوالے سے جن مسائل کی نشاندہی ہوئی ہے ان کا جائزہ لیا گیا ہے اور صوبائی حکومت اس سلسلہ میں بہتری کے لئے اصلاحات کیلئے کوشش کر رہی ہے**

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ محکمہ تعلیم میں اصلاحات کیلئے کوششیں کر رہے ہیں، بہت لیا بقیہ 10 صفحہ 6 پر

ت کی فراہمی اور بنیادی مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بلوچستان اسمبلی میں میر زابد ریکی کے توجہ دلاؤ نوٹس پر بحث میں حصہ لیتے ہوئے کیا۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان سے گزارش ہے کہ کالجز کی تعمیر و مرمت کے حوالے سے جو فنڈز رہ گئے ہیں اس حوالے سے محکمہ پی اینڈ ڈی کے ساتھ اجلاس بلایا گیا تاکہ یہ مسئلہ حل ہو سکے۔ صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ ہر حکومت کی کوشش ہوتی ہے کہ پرانی اسکیموں کو زیادہ سے زیادہ مکمل کرے تاکہ عوام کو فائدہ حاصل ہوں، امسال 178 ارب روپے خرچ کئے گئے ہیں، سکولز و کالجز کے مسئلہ کے حوالے سے متعلقہ حکام کا اجلاس بلایا جائے گا، ہماری حکومت کی کوشش ہے کہ تعلیم کے شعبہ میں زیادہ سے زیادہ انویسٹمنٹ کی جائے۔

# وزیر اعلیٰ سے گورنر کے پی کے کی ملاقات، اہم امور پر تبادلہ خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اراکین اسمبلی علی مدد جتک، میر زابد علی ریکی بقیہ 13 صفحہ 6 پر

سینیٹر شاہ زیب درانی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز خان جمالی بھی اس موقع پر موجود تھے ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبے میں امن و امان کی مجموعی صورتحال اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اسمبلی اجلاس میں اظہار خیال کر رہے ہیں





کوئٹہ، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی اور میر سرفراز بگٹی سی ایم ایچ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

CamScanner

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر، محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

جلد 80 | منگل 27 مئی 2025ء، 29 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 145


# غیر قانونی ٹرالنگ کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے

وزیراعلیٰ بلوچستان

## سیکرٹری فشریز فوری طور پر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں اس معاملے پر کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی

## سانحہ خضدار کے شہدا کے خاندانوں کو فی کس 10 لاکھ اور زخمیوں کو 5،5 لاکھ روپے دیئے جائیں گے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (اے این این، این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ کی زیر صدارت ہوا، ایوان سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ ٹرالر مافیا کے خلاف مولانا ہدایت الرحمٰن کے ساتھ ہوں سیکرٹری فشریز فوری طور پر ٹرالر مافیا کے خلاف ایکشن لیں اس معاملے پر کسی کے ساتھ کوئی رعایت نہیں کی جائے گی محکمہ کا کوئی افسر بھی ملوث ہوا تو اسکو معطل کر دیں گے غیر قانونی ٹرالنگ کی کسی کو اجازت نہیں دیں گے۔ رکن بلوچستان اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ محکمہ فشریز وزیراعلیٰ کے احکامات کو ماننے کو تیار نہیں ہوں محکمہ کے لوگ کراچی میں بیٹھ کر رشوت وصول کرتا ہے، رکن صوبائی اسمبلی پرنس آغا عمر احمد زئی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کیا سریاب کے عوام بلوچستانی نہیں ہیں؟ کیونکہ بجلی سے محروم کیا ہے سریاب کو فی الفور بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے رکن اسمبلی میر علی مدد جتک نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سریاب کے عوام بجلی سے محروم ہیں محکمہ کیسکو سفید ہاتھی بن چکا ہے غریب شخص 50 ہزار کیسے بجلی کا بل ادا کر سکتا ہے چیف کیسکو اور سوئی سدرن گیس حکام کو طلب کیا جائے۔ دریں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی ایک روزہ دورے پر پیر کو کوئٹہ پہنچے جہاں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے ہمراہ سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کے زخمیوں کی عیادت کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر شہداء کے لواحقین کے لیے دس لاکھ روپے اور زخمیوں کے لیے پانچ پانچ لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا انہوں نے کہا کہ فتنہ ہندوستان کے دہشت گردوں نے معصوم بچوں کو نشانہ بنا کر اپنی بزدلی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچستان کے عوام امن پسند اور محب وطن ہیں، اور وہ دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو کبھی کامیاب نہیں ہونے دیں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ ہم اپنے معصوم شہداء کے مقدس خون کے قرضدار ہیں اور ان کی عظیم قربانیوں پر ہمیں فخر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ملک دشمن دہشت گردوں اور ان کے سہولت کاروں کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور گورنر کے پی کے سی ایم ایچ کوئٹہ میں سانحہ خضدار کی ایک زخمی طالبہ کی بنائی ہوئی ڈرائنگ دیکھتے ہوئے اسکی حوصلہ افزائی کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Balochist

antimes.pk

istantimes.pk

.pk

92 NEWS MEDIA GROUP

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1111 QUETTA Tu

12

# Kundi, Bugti visit CMH to inquire about injured children of Khuzdar attack

## Govt prioritizing reforms in education sector: CM Bugti

**Staff Report**

QUETTA: Governor of Khyber Pakhtunkhwa Faisal Karim Kundi on Monday arrived in Quetta and, along with Balochistan Chief Minister Sarfraz Bugti, visited CMH Quetta to inquire about the health of children injured in the tragic Khuzdar attack.

Expressing deep sorrow over the incident, Chief Minister Sarfraz Bugti announced financial assistance of Rs. 1 million for the families of each martyr and Rs. 500,000 for the injured victims, a handout issued by CM's Secretariat said. He strongly condemned the attack, adding that the targeting of innocent children by "terrorists of Fitna al-Hindustan" reflected the cowardice of the perpetrators. "The people of Balochistan are peace-loving and patriotic," said CM Bugti. "We are indebted to the sacred blood of our innocent martyrs and take immense pride in their sacrifices. The evil intentions of a handful of terrorists will be crushed, and each drop of our children's blood will be avenged."

Governor Kundi expressed solidarity with the families of the martyrs and echoed similar sentiments. "Our country is facing threats from both internal and external terrorism," he said. "Just as our armed forces have given a befitting response to foreign aggression, our brave military will ensure these internal saboteurs meet their ultimate fate." Both leaders vowed to stand united against terrorism and pledged continued efforts to restore peace and security across the country.

Speaking to the media, Governor Kundi and CM Bugti strongly condemned the heinous attack, blaming Indian-backed terrorists for targeting innocent children in a cowardly act.

"The terrorists supported by the mischief of India have once again shown their cowardice by targeting our innocent children," they said.

Governor Kundi lauded the patriotism and peaceful nature of the people of Balochistan, emphasizing that the entire nation stands united in grief and resolve.

Chief Minister Bugti reaffirmed that the evil designs of a handful of terrorists will be crushed.

Governor Kundi also extended heartfelt condolences to the families of the martyrs and stressed that Pakistan continues to face threats from both internal and external terrorism.

He praised the role of the armed forces, saying, "Our brave military has given a fitting response to external aggression and will deal with internal saboteurs with the same resolve and strength."

Governor Kundi said the people of Khyber Pakhtunkhwa stand shoulder to shoulder with the people of Balochistan in this time of grief. He said that he had come to Quetta on behalf of his province to offer condolences and express unity.

Recalling similar painful events in KP, including the devastating APS Peshawar attack, he said both provinces have suffered greatly due to the actions of Indian-backed terrorist elements.

"Our province has witnessed the sacrifices of children, soldiers, police personnel, and civilians," he said, adding that Pakistan's armed forces will soon rid the country of these extremist elements. He emphasized that the survival of the nation lies in unity, tolerance, and harmony under the green crescent flag.

Prayers were also offered at the occasion for the elevation of the martyrs' ranks and the speedy recovery of the injured from the Khuzdar APS attack.

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Monday said that the provincial government is actively working to introduce reforms in the education sector, with a focus on providing necessary facilities and addressing fundamental issues faced by schools and colleges across the province.

Speaking during a debate on a "Call Attention Notice" presented by MPA Mir Zabid Reki in the Balochistan Assembly, CM Bugti said that ensuring improvements in the education system is among the top priorities of his government. "We are reviewing the problems that have been highlighted and are committed to implementing reforms to ensure that schools are adequately equipped," he said.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 27 MAY 2025

Page No. 12



QUETTA: Chief Minister Sarfraz Bugti addressing Balochistan Assembly session on Monday.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 2

Dated: 27 MAY 2025 Page No. 16


## عدالتی فیصلے کے بعد گیس بلنگ کا مسئلہ حل کر دیا جائیگا' قائمہ کمیٹی

**جمال شاہ کاکڑ کا توجہ دلاؤ نوٹس' معاملے کی جلد سماعت کیلئے کوشاں ہیں' پٹرولیم ڈویژن**

کوئٹہ (آئی این پی) قائمہ کمیٹی برائے سرکاری یقین دہانیوں کا اجلاس گزشتہ روز ہوا۔ اجلاس میں پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ کی جانب سے بلوچستان میں اوور بلنگ اور اضافی سروس چارجز سے متعلق توجہ دلاؤ نوٹس سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ وزیر قانون، انصاف اور انسانی حقوق نے وزیر توانائی پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے 29 اپریل 2024 کو ایم این اے جمال شاہ کاکڑ کی جانب سے پیش کردہ کالنگ اٹینشن نوٹس کے جواب میں ایوان کو یقین دہانی کرائی تھی کہ یہ معاملہ عدالت کے فیصلے کے بعد حل کر دیا جائے گا۔ مزید یہ بھی یقین دہانی کرائی گئی کہ پٹرولیم ڈویژن اس معاملے کی جلد سماعت کے لئے کوشاں ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ سندھ اور بلوچستان میں کام کرتی ہے۔ بلوچستان SSGC کی مجموعی کارروائیوں کا 10 فیصد سے بھی کم حصہ رکھتا ہے تاہم کمپنی کو بلوچستان میں آپریشنز کے دوران بڑے چیلنج کا سامنا ہے، جہاں 70 فیصد سے زائد گیس میٹروں میں چھیڑ چھاڑ کی جاتی ہے اس کی ممکنہ وجہ سخت سردی اور نسبتاً زیادہ تعداد میں کم آمدنی والی آبادی ہے۔ کمپنی گزشتہ پانچ سال سے مسلسل 59 فیصد غیر قانونی گیس کے نقصانات کا سامنا کر رہی ہے، جس کے نتیجے میں سالانہ مالی نقصان 20 ارب روپے سے تجاوز کر گیا ہے۔ عدالتی فیصلے پر عملدرآمد SSGC کو ریونیو میں نقصان کا باعث بن رہا ہے۔ بلوچستان ہائی کورٹ کے مذکورہ فیصلوں کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا ہے۔ اس مقدمے کی آخری سماعت 21 مئی 2025 کو سپریم کورٹ میں ہوئی۔ یہ معاملہ وفاقی کابینہ کی سطح پر بھی اجاگر کیا گیا ہے تاکہ سپریم کورٹ میں رپورٹ جمع کروائی جا سکے۔ رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ گیس کا مسئلہ انتہائی سنگین ہے، بلوچستان کے لوگ سردی میں گیس کی سہولت سے محروم ہیں جبکہ گرمی میں بجلی کی سہولت سے اس حوالے سے موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔

## منظور شدہ الاؤنسز کے خاتمے کا نوٹیفکیشن واپس لیا جائے، یونیورسٹی اساتذہ

**نافذ ہوا تو 2 جون سے صوبے بھر کی جامعات میں مکمل تالا بندی کی جائیگی، اجلاس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) اپوا بلوچستان چیپٹر و اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان نے یونیورسٹیز کے پالیسی ساز اداروں سے منظور شدہ الاؤنسز کے خاتمے کو مسترد کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ اس غیر قانونی نوٹیفکیشن کو فوری طور پر واپس لیا جائے یہ فیصلہ پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ کی سربراہی میں منعقد ہونے والے اجلاس میں کیا گیا اجلاس میں نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرا ملغانی، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ اور ایگزیکٹیو ممبران ارباب رضا کاسی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد اور مسعود مندوخیل، تربت یونیورسٹی کے ڈاکٹر مشتاق بادینی، بیلہ کے پروفیسر آفتاب عالم جبکہ لورالائی یونیورسٹی کے ڈاکٹر سلام مفتون اور تربت یونیورسٹی کے ڈاکٹر منظور نے آن لائن اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں تمام وائس چانسلرز سے اپیل کی گئی کہ وہ اس غیر قانونی نوٹیفکیشن کو نافذ نہ کر کے اساتذہ و ملازمین دوستی کا ثبوت دیں بصورت دیگر 2 جون سے صوبے بھر کی جامعات میں مکمل تالا بندی، کلاسز کا بائیکاٹ اور ٹرانسپورٹ بند کی جائیگی جس کی تمام تر ذمہ داری صوبائی حکومت پر عائد ہوگی۔

## بلوچستان، قرضوں کا بوجھ کم کرنے کیلئے غیر ضروری فنڈز ختم کرنیکا فیصلہ

**وزیر خزانہ کی زیر صدارت اجلاس، قرضوں کے حصول کی پالیسی مزید موثر اور شفاف بنائی جائیگی**

**مالی چیلنجز کے تناظر میں کفایت شعاری، شفافیت اور مالیاتی نظم و نسق کو یقینی بنانا ناگزیر ہے، شعیب نوشیروانی**

کوئٹہ (خ ن) مالی سال بجٹ 2025-26 کی تیاریوں کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری خزانہ عمران زرکون، اسپیشل سیکرٹری خزانہ جہانگیر کاکڑ اور محکمہ خزانہ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں آئندہ مالی سال کے بجٹ کی تیاری، محاصل و وسائل کے موثر استعمال اور مالی نظم و ضبط سے متعلق مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ حالیہ اجلاس میں صوبے کی مالی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ مستقبل میں قرضوں کے حصول کی پالیسی کو مزید موثر اور شفاف بنایا جائے گا، تاکہ مالی خود کفالت اور کفایت شعاری کی جانب رجحانات عوام میں فروغ پائے۔ مختلف غیر ضروری مدات میں مختص فنڈز کو ختم کرنے اور بجٹ کا ترجیحی بنیاد پر از سر نو تعین کرنے کا فیصلہ بھی کیا گیا، تاکہ عوامی مفاد کے منصوبوں پر زیادہ توجہ دی جائے اس کے ساتھ ساتھ، صوبے پر موجود قرضوں کے بوجھ کو مرحلہ وار کم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کرنے پر بھی غور کیا گیا۔ اس موقع پر وزیر خزانہ نے کہا کہ موجودہ مالی چیلنجز کے تناظر میں کفایت شعاری، شفافیت اور مالیاتی نظم و نسق کو یقینی بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے محکمہ خزانہ کو ہدایت کی کہ آئندہ بجٹ میں دستیاب وسائل کا استعمال انتہائی سوچ بچار اور ترجیحات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے۔

## چاغی: یوم تکبیر کی مناسبت سے ایف سی کا فری میڈیکل کیمپ

**829 مریضوں کا معائنہ، ہیٹ اسٹروک اور متعدی امراض کی احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کیا گیا**

چاغی (این این آئی) یوم تکبیر کی مناسبت سے ایف سی بلوچستان کی جانب سے فلاحی جذبے کے تحت 26 مئی کو ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ کیمپ کا مقصد مقامی آبادی کو مفت طبی سہولیات فراہم کرنا اور صحت عامہ سے متعلق آگاہی دینا تھا۔ کیمپ میں طبی عملے نے خدمات انجام دیں جس میں خصوصی طور پر کوئٹہ سے میل اسپیشلسٹ ڈاکٹر نے بھی حصہ لیا اور مقامی سینئر خاتون میڈیکل آفیسر، لیڈی میڈیکل آفیسر (RHC امین آباد)، نرسنگ اسسٹنٹس، لیڈی ہیلتھ ورکرز نے کیمپ میں مجموعی طور پر 829 مریضوں کا مفت طبی معائنہ کیا گیا جن میں 165 مرد، 477 خواتین اور 187 بچے شامل تھے۔ زیادہ تر مریض، بخار، معدے کے مسائل، جسم درد، عمومی کمزوری، جلدی امراض، نزلہ، غذائی قلت، بلڈ پریشر جیسی بیماریوں میں مبتلا تھے۔ اس موقع پر مقامی افراد کو موسم گرما میں ہیٹ اسٹروک اور متعدی امراض سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر سے بھی آگاہ کیا گیا۔ چیک اپ کے لئے آنے والے مریضوں کو ہیڈ کوارٹر والبندین رائفلز نے مفت کھانا بھی تقسیم کیا۔ امین آباد کے عوامی حلقوں نے کہا کہ ہیڈ کوارٹر دالبندین رائفلز کمانڈنٹ سجاد علی اور ایف سی بلوچستان کی صحت کے شعبے میں یہ ایک شاندار کاوش ہے۔ عوام نے اس اقدام کو بے حد سراہا اور ایف سی کے جذبہ خدمت کو خراج تحسین پیش کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 MAY 2025 Page No. 17

# بلوچستان میں دہشتگرد رابطوں کیلئے جدید وائرلیس استعمال کر رہے ہیں، سیکرٹری آئی ٹی

بھارت سے جنگ کے دوران پاکستان پر سائبر حملے کیے گئے تاہم سکیورٹی ٹیم نے تمام حملوں کو ناکام بنایا، قائمہ کمیٹی میں انکشاف

قومی سلامتی وسکیورٹی سب سے اہم ہے، ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے گا تاکہ تمام پہلوؤں پر تفصیلی بحث کی جا سکے، چیئرمین کمیٹی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کے اجلاس میں انکشاف کیا گیا بھارت سے جنگ کے دوران پاکستان پر سائبر حملے کیے گئے تاہم پاکستان کی سائبر سکیورٹی ٹیم نے تمام حملوں کو ناکام بنایا، کمیٹی کا اجلاس چیئرمین امین الحق کی زیر صدارت ہوا، سائبر سکیورٹی ٹیم کی کارکردگی پر ارکان نے خراج تحسین پیش کیا، چیئرمین امین الحق نے کمیٹی کو بتایا 5 سے 10 مئی کے دوران پاکستان پر سائبر حملے کیے گئے جنہیں کامیابی سے روکا گیا، سائبر سکیورٹی ٹیم اور نیشنل سرٹ خراج تحسین کی مستحق ہیں، پاکستان نے اپنے سائبر اثاثے محفوظ رکھے اور دشمن پر بھی سائبر حملے کیے، سیکرٹری آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام نے اجلاس میں بتایا دہشتگرد کمیونی کیشن کیلئے جدید وائرلیس

......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

اور انٹرنیٹ بھی استعمال کرتے ہیں، سکیورٹی ایجنسیوں سے اطلاعات ملتی ہیں تاہم دہشتگردوں کی مکمل ٹیکنالوجی پر زیادہ علم نہیں، چیئرمین کمیٹی امین الحق نے کہا قومی سلامتی وسکیورٹی سب سے اہم ہے، ان کیمرہ اجلاس بلایا جائے گا تاکہ تمام پہلوؤں پر تفصیلی بحث کی جا سکے۔

# نیب کی کھلی کچہری 29 مئی کو دفتر شاہراہ گلستان روڈ کینٹ میں ہوگی

ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنیں گے، ترجمان

کوئٹہ (آن لائن) نیب بلوچستان کی جانب سے شکایات کنندگان کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد بمقام نیب دفتر شکایات واقع نیب (بلوچستان) کے دفتر شاہراہ گلستان روڈ، کوئٹہ کینٹ صوبہ بلوچستان میں بڑی مالی بدعنوانیوں کے خلاف شکایات کے اندراج کیلئے چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق کھلی کچہری کا انعقاد ہر ماہ کی آخری جمعرات کو کیا جاتا ہے

......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

جس میں ڈائریکٹر جنرل نیب بلوچستان شکایت کنندگان کو بذات خود سنتے ہیں اس ماہ کھلی کچہری کا انعقاد مورخہ 29 مئی 2025 بوقت صبح 11 تا 01 بجے سہ پہر نیب (بلوچستان) کے دفتر واقع شاہراہ گلستان روڈ کوئٹہ کینٹ میں کیا جائے گا درخواست کنندگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ تحریری شکایات میں مندرجہ ذیل معلومات لازماً مہیا کریں۔ 1۔ نام بمعہ ولدیت 2۔ کاپی قومی شناختی کارڈ 3۔ مکمل پتہ/ایڈریس 4۔ نشان انگوٹھا/دستخط 5۔ رابطہ نمبر موبائل/گھر/ای میل واضح کیا جاتا ہے کہ چیئرمین نیب کی ہدایات کے مطابق اب نیب گم نام/فرضی شکایات پر کارروائی نہیں کرے گا صرف ایسی مصدقہ شکایات جو نیب کے دائرہ کار پر پورا اترتی ہوں اُن پر قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔ ایسی شکایات پر کارروائی سے قبل شکایات کنندگان سے بیان حلفی اسٹامپ پیپر پر لیا جائے گا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیب میں شکایات مندرجہ ذیل طریقہ سے جمع کروائی جاسکتی ہیں

# افسران اپنے شعبے میں ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے نبھائیں، کمشنر کوئٹہ

افسران اپنی محنت وکارکردگی سے عوام کے مسائل حل کرسکتے ہیں، حمزہ شفقات

نومنتخب کامیاب سی ایس ایس افسران مثبت سوچ سے تبدیلی رونما کرسکتے ہیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ عوامی فلاحی پالیسیوں کی نگرانی اور نفاذ، عوامی خدمات کی فراہمی، اور قانون کے مطابق کام کرنا سول سرونٹ کی ذمہ داریوں میں شامل ہے افسران اپنے شعبے میں پیشہ ورانہ معیارات کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی ذمہ داریوں کو بھرپور طریقے سے انجام دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبے کے اسپیشل سی

......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

ایس ایس میں کامیاب ہونے والے افسران سے ملاقات کے موقع پر کیا اس موقع پر افسران نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جبکہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے شرکاء کو اپنے تجربات اور سول سروس ڈیلیوری کے حوالے سے معلومات فراہم کی کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے مزید کہا کہ صوبے کے مشکل حالات اور مسائل کے باوجود اسپیشل سی ایس ایس کے امتحان میں کامیابی قابل ستائش ہے صوبے کے پاس ہونے والے افسران سول سروس کے دوران محنت، مثبت سوچ اور جذبے کو اپنا کر عوام کی خدمت کو اولین ترجیح دیں اپنی محنت اور کارکردگی سے عوام کے مسائل حل اور ان کی مشکلات میں کمی لائیں کرپشن سے پاک معاشرے کے قیام کے لئے دی گئی ذمہ داریاں بہترین طریقے سے سرانجام دینا ایک قابل افسر کی پہچان ہے۔ سول سروس جوائن کرنے کا مقصد ملک اور قوم کا نام روشن کرنا ہے اپنے شعبوں میں نمایاں بہتری کے ساتھ ساتھ معاشرے کیلئے رول ماڈل ثابت ہو۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ سول سروس خدمات کی بہترین جگہ ہے اپنی محنت، لگن اور مثبت سوچ سے معاشرے میں تبدیلی رونما کرسکتے ہیں جن مشکل حالات میں آپ گزر کر یہاں آئے ہیں

# فتنہ الہندوستان بلوچستان میں کالعدم تنظیموں کی سرپرست اعلیٰ

بھارت کی دہشتگرد کارروائیاں پھر بے نقاب

بھارتی سپانسرڈ پراکسیز نہ صرف حملوں کی منصوبہ بندی کرتیں بلکہ کالعدم تنظیموں کو تربیت واسلحہ بھی فراہم کرتی ہیں

دشمن کا میڈیا پشت پناہی میں پیش پیش، اینکرز مشورہ دے رہے ہیں کالعدم تنظیموں کا دفتر دہلی میں ہونا چاہیے، ذرائع

اسلام آباد (زاہد احمد خان) معرکہ حق کے تحت "آپریشن بنیان مرصوص" میں تاریخی شکست کے بعد مودی حکومت شدید بوکھلاہٹ کا شکار ہو چکی، سکیورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان میں بھارتی سپانسرڈ پراکسیز

......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

کی معاونت سے دہشتگرد کارروائیاں ایک بار پھر بے نقاب ہو گئیں، بھارتی سپانسرڈ پراکسیز نہ صرف حملوں کی منصوبہ بندی کرتی ہیں بلکہ کالعدم تنظیموں کو تربیت، اسلحہ بھی فراہم کرتی ہیں، بھارتی سپانسرڈ پراکسیز کے کالعدم تنظیموں کے ساتھ نہ صرف علاج معالجے بلکہ سرکاری سطح پر بھی رابطے قائم ہیں، حکومت کیساتھ بھارتی میڈیا بھی دہشتگردوں کی پشت پناہی میں پیش پیش ہے، پاکستان میں حملوں کی خبر سے پہلے بھارتی میڈیا کے پلیٹ فارمز پر آتی ہے، خبریں بھارتی ذرائع ابلاغ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹس سے جاری کی جاتی ہیں جنہیں بعد ازاں بھارتی میڈیا پاکستان مخالف پروپیگنڈے کے طور پر استعمال کرتا ہے، بھارتی ٹی وی چینلو پر اینکرز مشورہ دے رہے ہیں کالعدم تنظیموں کا دفتر دہلی میں ہونا چاہیے۔

CS CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 27 MAY 2025

Page No. 18


## ماہی گیروں کے مسائل حل، فنڈز کی کمی دور کرینگے

**ڈائریکٹر صوبائی محتسب**

فنڈز کی کمی کی وجہ سے ماہی گیروں کو کوئی سہولت میسر نہیں، ہم نے کئی مرتبہ محکمہ فشریز کو فنڈز کی کمی کے حوالے سے آگاہ کیا لیکن کوئی گرانٹ جاری نہیں کی گئی

**کوسٹل بیلٹ میں ہمارے پاس اراضیات موجود ہیں، صوبائی حکومت چاہے تو ماہی گیروں کو کالونیاں بنا کر دے سکتی ہے، علی اکبر زہری کی بریفنگ**

حب (نمائندہ انتخاب) ڈائریکٹر صوبائی محتسب بلوچستان نور الامین زہری نے بلوچستان فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی کے دفتر حب کا دورہ کیا چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری سے ملاقات کی چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری نے ادارے کے مسائل سے متعلق انہیں آگاہ کیا ڈائریکٹر محتسب سیکرٹریٹ کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ فنڈز کی کمی کی وجہ سے ماہی گیروں کو کوئی سہولت میسر نہیں ہے ماہی گیروں کے بوٹ وغیرہ کی مرمت کے لئے حکومت فنڈز مہیا کرے تو نہ صرف ماہیگیری کے پیشے سے وابستہ محنت کشوں کو سہولیات میسر ہونگی بلکہ ماہیگیری کے شعبے کی ترقی سے حکومت کو بقیہ نمبر 13 صفحہ 5 پر

خطیر زرمبادلہ بھی میسر ہوگا چیئرمین فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی میر علی اکبر زہری نے بتایا کہ ہم نے کئی مرتبہ محکمہ فشریز کو فنڈز کی کمی کے حوالے سے تحریری طور پر آگاہ کیا ہے لیکن اب تک ماہیگیروں کی ویلفیئر کیلئے کوئی گرانٹ جاری نہیں کی گئی انہوں نے بتایا کہ کوسٹل بیلٹ میں ہمارے پاس اراضیات موجود ہیں حکومت بلوچستان چاہے تو ماہی گیروں کو کالونیاں بنا کر دے سکتی ہے ڈائریکٹر محتسب سیکرٹریٹ کے دورے کے موقع پر وہاں موجود ماہی گیروں نے ڈائریکٹر محتسب کو بتایا کہ ماہی گیروں اور ان کے بچوں کو علاج معالجے سمیت تعلیم کی سہولت میسر نہیں ہے اور اسکالرشپ بھی ان کے بچوں کو نہیں ملتا ہے۔ جس سے ان کو کافی پریشانی کا سامنا ہے ماہی گیروں نے بتایا کہ چیئرمین بلوچستان فشرمین کوآپریٹو سوسائٹی علی اکبر زہری کی کوششوں کی بدولت ماہی گیروں کی رجسٹریشن کی گئی ہے تاہم آئے روز سمندری تیز ہوائیں چلنے کے باعث ماہی گیروں کی کشتیوں کو لاکھوں روپے کا نقصان ہوتا ہے ڈائریکٹر صوبائی محتسب بلوچستان نور الامین زہری نے انہیں یقین دہانی کروائی کہ صوبائی محتسب آفس بلوچستان کی طرف سے کوشش کرینگے کہ فنڈز کی کمی اور ماہی گیروں کے دیگر مسائل حل ہوسکیں کہ ان کو ریلیف مل سکے اس موقع پر محتسب ڈائریکٹریٹ حب کے ریڈر حضور بخش موندرہ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

CamScanner

Daily: JANG QUETTA

Bullet No 4

Dated: 27 MAY 2025 Page No. 20

## بارکھان: سی ٹی ڈی کے ٹارگٹڈ آپریشن میں کالعدم تنظیم کے 3 دہشتگرد ہلاک

INTEKHAB QUETTA

## بوستان سے اغوا شدہ بس کارروائی کے بعد چمن سے برآمد ہوگئی

MASHRIQ QUETTA

## لورالائی، پولیس کی کارروائی 20 کلو افیون برآمد، 2 افراد گرفتار

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 MAY 2025 Page No. 21


## کوئٹہ میں سیوریج کے گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت، مختلف بیماریوں کے پھیلاؤ کا سبب، بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن!

سیوریج کے گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت نقصان دہ ثابت ہو رہی ہے۔ سیوریج کا گندا پانی سبزیوں کی کاشت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اس پانی سے اگائی جانے والی سبزیاں صحت کے لئے انتہائی نقصان دہ ثابت ہو رہی ہیں۔ ناقص طریقے سے سبزیوں کی کاشت کاری کی وجہ سے زرعی زمینیں تباہ ہو رہی ہیں، گندے پانی سے اگائی جانے والی سبزیوں کی وجہ سے طرح طرح کی بیماریاں پھیل رہی ہیں۔ سیوریج کے گندے پانی سے اگائی جانے والی سبزیاں خواتین کے لئے بھی انتہائی نقصان دہ ہیں۔ سیوریج کے پانی میں آرسینک وافر مقدار میں شامل ہوتا ہے جو سبزیوں کو دھونے اور پکانے سے بھی ختم نہیں ہوتا اور اس سے بہت سی خواتین بانجھ پن کا شکار ہو جاتی ہیں، بہت سے افراد ہیپاٹائٹس بی اور سی سمیت مختلف بیماریوں کا بھی شکار ہو رہے ہیں۔ کوئٹہ شہر کے نواحی علاقوں میں سیوریج کے گندے پانی سے سبزیاں کاشت کرنے کا طریقہ اپنایا جاتا ہے، لاعلم شہری مضر صحت سبزیاں خریدتے ہیں۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے سیوریج کے زہریلے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی کارروائیوں کے دوران سی پیک روڈ کوئٹہ کے گرد و نواح میں 160 ایکڑ سے زائد اراضی پر زیر کاشت اور تیار سبزیاں جن میں پالک، پیاز، پودینا اور گوبھی شامل ہیں تلف کر دی گئیں۔ مضر صحت سبزیوں کے تلفی کے اس مہم کے دوران اب تک مجموعی طور پر تقریباً 150 ایکڑ اراضی پر کاشت کردہ سبزیاں ضائع کی جا چکی ہیں۔ کارروائیوں کا مقصد عوامی صحت کا تحفظ اور غیر قانونی کاشتکاری کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ سیوریج واٹر سے اگنے والی سبزیوں میں خطرناک کیمیکل جیسے آرسینک، سلفر اور دیگر زہریلے مادے شامل ہوتے ہیں جو انسانی صحت کے لیے نہایت نقصان دہ ہیں جبکہ ان سبزیوں کا مسلسل استعمال مختلف پیچیدہ بیماریوں کا سبب بن سکتا ہے۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان فوڈ اتھارٹی وقار خورشید عالم کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ گندے پانی سے سبزی اگانے والوں کو قانون کا سامنا کرنا ہوگا۔ عوامی صحت کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔ ذاتی فائدے کے لیے شہریوں کی صحت سے کھیلنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی۔ ڈی جی بی ایف اے نے مزید کہا کہ کاشتکاروں اور زمینداروں کو بارہا آگاہ کیا گیا ہے کہ سیوریج واٹر صرف غیر خوردنی فصلوں کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے تاہم واضح ہدایت کے باوجود خلاف ورزی پر سخت کارروائی کی جا رہی ہے۔ بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا یہ اقدام قابل ستائش ہے۔ کوئٹہ شہر میں گزشتہ کئی برسوں سے سیوریج کے گندے پانی سے مختلف سبزیوں کی کاشتکاری کی جاتی ہے جن کی قیمتیں بھی کم ہوتی ہیں جنہیں شہری لاعلمی میں خریدتے ہیں جس سے وہ مختلف بیماریوں کا شکار ہو جاتے ہیں۔ عوام کو معیاری خوراک کی فراہمی کیلئے ضروری ہے کہ گندے پانی سے سبزیوں کی کاشت کا تدارک کیا جائے تاکہ شہری مختلف بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں اور معیاری خوراک استعمال کر سکیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA 27 MAY 2025

5

Bulle... Page No 22

# گندے پانی سے زیر کاشت سبزیاں تلف!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اگائی جانے والی اکثر سبزیاں گندے پانی سے کاشت کی جاتی ہیں۔اس کے خلاف عدالتی احکامات موجود ہیں۔جس میں ان پر پابندی ہے اس کے ساتھ ساتھ حکومتی پابندیاں ہیں لیکن اس کے باوجود گندے (سیوریج) پانی سے سبزیوں کی کاشت زوروشور سے ہورہی ہے۔میڈیکل ریسرچ کے مطابق گندے (سیوریج) پانی سے اگائی جانے والی سبزیاں کھانے سے یرقان جیسی مضر بیماری پیدا ہوتی ہے جوکہ ایک جان لیوا مرض ہے۔گذشتہ روز بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے عدالت عالیہ بلوچستان کے احکامات اور صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین بی ایف اے حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں گندے نالوں کے زہریلے پانی سے کاشت مضر صحت سبزیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن کا آغاز کردیا گیا ہے۔کاروائی کے دوران نیو سبزل روڈ پر 130 ایکڑ سے زائد اراضی پر موجود سبزیاں تلف کردی گئیں۔جن میں گوبھی وسلاد جیسی انسانی صحت کے لیے خطرناک فصلیں شامل تھیں۔صوبائی وزیر خوراک وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے پہلے روز کریک ڈاؤن کاروائی کی خود نگرانی کی۔ان کا کہنا تھا کہ عدالتی احکامات اور حکومتی پابندی کے باوجود سیوریج کے پانی سے سبزیوں کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی۔ایسے تمام کھیتوں میں اگائی گئی فصلوں کو تلف کر کے متعلقہ کسانوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔مہم کو مرحلہ وار دیگر علاقوں تک وسعت دی جائے گی اور گندے پانی سے کاشت کردہ سبزیوں کی روک تھام کے لیے بلاامتیاز کاروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے گندے (سیوریج) پانی سے اگائی گئی سبزیوں کو تلف کرنا قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ یہ انسانی صحت کا معاملہ ہے اس پر کسی بھی قسم کا کوئی کمپرومائز نہیں ہونا چاہیے۔اس لیے سبزیاں کاشت کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کر کے ان کو قرار واقعی سزادی جائے کیونکہ یہ عناصر انسانوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں۔یہ ناروا عمل ان کو زیب نہیں دیتا کہ وہ اپنے کاروبار اور فائدے کے لیے مضر صحت سبزیاں کاشت کر کے فروخت کریں۔

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کو مضر صحت سبزیاں اٹھانے والے عناصر کو اگر مافیا کہا جائے تو غلط نہیں ہوگا کے خلاف اپنی کاروائیاں جاری رکھنی چاہئیں کیونکہ یہ انسانی صحت کا معاملہ ہیہ اس پر کسی بھی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہونا چاہیے۔صوبائی وزیر خوراک اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے چیئرمین نور محمد دمڑ کو اس عمل کی نگرانی خود کرنی چاہیے کیونکہ یہ سبزیاں پہلے بھی کئی بار تلف کی گئیں لیکن اس کے باوجود دوبارہ اگائی جاتی رہی ہیں اس لیے ا[illegible] سخت پابندی لگاتے ہوئے خلاف ورزی کرنے والوں کیخلاف سخت کاروائی ضروری ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Express Que...

Bullet No. 5

Dated: 27 MAY 2025 Page No. 24

# Blood on the Pen

Murder of Abdul Latif Baloch, a journalist working for Daily Intikhab in Balochistan, is another reminder of the dangerous environment in which journalists operate in Pakistan. Latif Baloch was gunned down in his own home by unknown assailants who attempted to abduct him before killing him when he resisted. This heinous act is not just an attack on an individual but a direct assault on press freedom, democracy, and the right of citizens to be informed. Balochistan remains one of the most dangerous countries for journalists, with media personnel frequently facing threats, kidnappings, and targeted killings. According to reports by international watchdogs, at least 64 journalists have been killed in Pakistan since 2000, with a significant number of these cases remaining unresolved. The murder of Abdul Latif Baloch follows a disturbing pattern his son was also kidnapped and killed years ago, indicating that his family may have been deliberately targeted. What makes Baloch's killing even more alarming is the climate of impunity that surrounds violence against journalists in Pakistan. Perpetrators of such crimes often go unpunished, emboldening others to silence dissent through violence. The Pakistan Federal Union of Journalists (PFUJ) and the Balochistan Union of Journalists (BUJ) have rightly condemned the murder, calling it part of a broader conspiracy to suppress independent journalism in the region.

Balochistan, in particular, is a high risk zone for journalists due to its volatile security situation, where reporters face threats from militant groups, state agencies, and criminal elements. Journalists covering conflict, corruption, or human rights abuses are especially vulnerable. The fact that Baloch was also associated with the Levies force adds another layer of complexity to the case, but regardless of his affiliations, his killing must be investigated transparently. Successive governments have pledged to protect journalists, yet little has been done to implement concrete measures. The PFUJ has demanded an immediate investigation, enhanced security for journalists, and justice for Baloch's family a demand echoed by media organizations across the

CamScanner

country. However, past experiences show that unless sustained pressure is maintained, such cases risk being buried in bureaucratic inertia or political expediency. The state must recognize that attacks on journalists are attacks on democracy itself. A free press is essential for holding power accountable, exposing corruption, and giving voice to marginalized communities. When journalists are silenced through violence, the entire society suffers.

Authorities must conduct a credible, high-level inquiry into Baloch's murder, ensuring that those responsible whether state or non-state actors are held accountable. The findings must be made public to restore trust in the judicial process. The government should establish a dedicated protection program for journalists at risk, including emergency response systems, safe houses, and legal support. Provincial and federal authorities must collaborate to enforce these measures effectively. Pakistan must strengthen its legal framework to prosecute crimes against journalists. Special tribunals or fast-track courts should be considered to ensure swift justice. Journalist unions, civil society, and international organizations must continue to pressure the government to uphold press freedom. Global bodies like the UN and CPJ (Committee to Protect Journalists) should monitor Pakistan's progress in safeguarding journalists. Abdul Latif Baloch's murder is a tragic reminder of the dangers journalists face in Pakistan. If the state fails to act decisively, such killings will continue, eroding press freedom and democratic values. The government must move beyond hollow condemnations and take concrete steps to protect journalists, punish perpetrators, and dismantle the culture of impunity. A society that silences its truth tellers is a society marching toward darkness. Pakistan must choose whether it stands with justice or allows the voices of its journalists to be extinguished one by one. The time for action is now.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 27 MAY 2025

Page No. 26

# تعلیمی ترقی کا راز: تخلیقی سوچ اور تنقیدی فکر

پروفیسر برکت اسماعیل بلوچ

تعلیم کی حقیقی ترقی کا راز تخلیقی صلاحیت اور تنقیدی سوچ میں پوشیدہ ہے۔ بدقسمتی سے، بلوچستان میں قیامِ پاکستان سے لے کر آج تک ہمارا تعلیمی نظام رٹنے (rote learning) پر مبنی رہا ہے۔

پرائمری سے لے کر جامعات تک، بیشتر کلاسوں میں اساتذہ بورڈ پر جوابات لکھتے ہیں یا نوٹس دیتے ہیں، اور طلباء انہیں کاپی کرتے ہیں۔ گھر جا کر وہی مواد زبانی یاد کرتے ہیں اور امتحان میں لفظ بہ لفظ نقل کر دیتے ہیں۔ اساتذہ پورے نمبر دے کر خوش ہو جاتے ہیں، طلباء اپنی "کامیابی" کا جشن مناتے ہیں اور والدین فخر محسوس کرتے ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ جو طالبعلم اپنے خیالات سے کچھ مختلف جواب دیتا ہے، اسے نالائق یا گستاخ سمجھا جاتا ہے۔

اگر کسی کو یقین نہ ہو تو وہ بلوچستان کے کسی بھی کالج کے طلباء سے چھٹی کے لیے درخواست انگریزی میں لکھوائے۔ گوادر سے کوئٹہ تک اور حب سے چمن تک، سب ایک ہی جملے سے شروع کریں گے:

"I beg to say that I have an urgent piece of work—"

انگریزی، سائنس اور ریاضی جیسے مضامین بھی اسی رٹے کے انداز میں پڑھائے جاتے ہیں۔ کئی میٹس یعنی ریاضی کے اساتذہ اس مضمون کو "موت" کے لقب سے نوازتے ہیں، جو ان کی خود ریاضی سے ناآشنائی کو ظاہر کرتا ہے۔ جب اساتذہ کسی سبجیکٹ کو اس نظریہ سے دیکھتے ہیں، یقیناً طلباء کیلئے ذہنی مشکلات کا پیش آنا فطری بنتا ہے۔

یہ سب اس بات کا ثبوت ہے کہ ہمارا نظام حفظ پر مبنی ہے۔ اساتذہ، طلباء اور والدین سب اس آسان دائرے میں خوش ہیں۔ نتیجتاً، ہم ایسے فارغ التحصیل طلباء تیار کر رہے ہیں جو نہ پڑھ سکتے ہیں، نہ لکھ سکتے ہیں اور نہ ہی تخلیقی یا تنقیدی انداز میں سوچ سکتے ہیں۔

عصرِ حاضر کی تعلیم میں چار اہم عناصر (Four Cs) کی اہمیت پر زور دیا جاتا ہے۔ عالمی مورخ یووال نوح حراری اپنی کتاب 21 Lessons for the 21st Century میں لکھتے ہیں کہ آج کی تعلیم چار بنیادی ستونوں پر مرکوز ہونی چاہیے:

1۔ تنقیدی سوچ (Critical Thinking)
2۔ تخلیقیت (Creativity)
3۔ اشتراک و تعاون (Collaboration)
4۔ ابلاغی مہارت (Communication)

یہ چار عناصر ترقی یافتہ ممالک کے نظامِ تعلیم کی بنیاد ہیں اور ان کی تعلیمی کامیابی کا ضامن بھی، جبکہ ہمارے ہاں اب بھی روایتی اندازِ تعلیم کا سفر رواں دواں ہے۔

ناکامی کی بنیادی وجوہات

1۔ ناقص نصاب نویسی اور غیر تجربہ کار ماہرین

ہمارے نصاب اور درسی کتب لکھنے والے اکثر اس میدان کے ماہر نہیں ہوتے۔ ایک اچھے نصاب نویس کے لیے ضروری ہے کہ وہ کم از کم نصاب سازی یا تعلیم کے میدان میں پی ایچ ڈی ہو۔ بلوچستان میں متعدد کتابیں ایسے افراد لکھ رہے ہیں جو اخبار نویس تو ہیں مگر تعلیمی مہارت سے نابلد۔ انگلش کی کتاب لکھنے والے کو نہ کردار (characters) کا علم ہے، نہ کہانی کی ساخت (plot) کا۔ ریاضی کی کتاب لکھنے والا خود بنیادی سوال حل نہیں کر سکتا۔

یہ ایسا ہی ہے جیسے تیرنا نہ جاننے والا تیراکی سکھانے لگے۔

2۔ غیر تربیت یافتہ اساتذہ

بیشتر اساتذہ نہ صرف چار سی (4Cs) سے لاعلم ہیں بلکہ وہ روایتی "تین آرز" Reading—، Writing اور Arithmetic— کو بھی صحیح انداز میں نہیں سکھا پاتے۔ انگریزوں نے برصغیر کو غلام رکھنے کے لیے یہ طریقہ تعلیم رائج کیا تھا۔ بلوچستان حکومت کے مطابق میٹرک پاس کرنے والے 70 فیصد طلباء لکھنے اور پڑھنے کی بنیادی صلاحیتوں سے بھی محروم ہیں۔

3۔ حکومت کی غیر سنجیدگی

بلوچستان میں تعلیم کبھی بھی حکومتی ترجیح نہیں رہی۔ صوبے میں 30 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں۔ جو اسکول میں ہیں، ان میں سے چند ہی اس فرسودہ نظام میں کامیاب ہو پاتے ہیں۔ تحقیقی نتائج بتاتے ہیں کہ جب تعداد میں اضافہ ہوتا ہے تو معیار بھی ممکن ہوتا ہے — بشرطیکہ نظام مضبوط ہو۔

حقیقی اصلاح کے لیے ہمیں درج ذیل اقدامات اٹھانے ہوں گے:

- فیصلہ ساز عہدوں پر اہل اور مخلص افراد کا تقرر
- نصاب لکھنے والوں کا شعبہ جاتی ماہر ہونا
- اساتذہ کی میرٹ پر بھرتی اور مستقل پیشہ ورانہ تربیت
- تدریسی عمل میں Four Cs کا اطلاق

اس کے ساتھ ساتھ ہمیں بلومز ٹیکسونومی جیسے تعلیمی ماڈلز پر بھی عملدرآمد کرنا ہوگا، جس میں علمی ارتقاء کے دو درجے بیان کیے گئے ہیں:

- Lower Order Thinking Skills (LOTS): یادداشت، فہم اور اطلاق
- Higher Order Thinking Skills (HOTS): تجزیہ، ترکیب، اور تنقید

بدقسمتی سے ہمارا موجودہ نظام صرف LOTS پر مرکوز ہے۔ ہمیں اب HOTS کی طرف بڑھنا ہوگا تاکہ طلباء سوال اٹھانا، تجزیہ کرنا اور تخلیق کرنا سیکھیں۔

اب وقت آ گیا ہے کہ ہم روایتی طریقوں سے ہٹ کر مستقبل کی طرف دیکھیں۔ یہ تعلیمی نظام جو صرف رٹنے پر مبنی ہے، بچوں کو ایک غیر یقینی اور تیز رفتار دنیا کے لیے تیار نہیں کر سکتا۔

جیسا کہ سر کین رابنسن نے اپنی کتاب Creative Schools میں کہا:

"ہم اپنے بچوں کو ایسے مستقبل کے لیے تعلیم دے رہے ہیں جسے ہم خود نہیں جانتے۔ تخلیقیت اتنی ہی ضروری ہے جتنی خواندگی — اور ہمیں اسے اتنا ہی درجہ دینا چاہیے۔"

آئیے، ہم رٹنے سے تخلیق، نقل سے جدت، اور خواندگی سے شعور کی طرف سفر کریں۔